سمندر کا پانی پاک کرنے والا اور اس کا مردار حلال ہے"

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : ایک شخص نے اللہ کے رسول ﷺ سے سوال کیا : "یا رسول اللہ! ہم سمندری سفر پر جاتے ہیں اور ہمارے ساتھ تھوڑا سا پانی ہوتا ہے اگرہم اس سے وضو کر لیں تو پیاسے رہ جاتے ہیں لہذا کیا ہم سمندر کے پانی سے وضو کر لیا کریں؟" اللہ کے رسول ﷺ نے جواب دیا : "سمندر کا پانی پاک کرنے والا اور اس کا مردار حلال ہے"

[صحيح] [رواه أبو داود والترمذي والنسائي وابن ماجه وأحمد]

ایک شخص نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کی خدمت میں عرض کیا : ہم شکار، تجارت اور اس طرح کے دوسرے مقاصد کے تحت کشتیوں میں سوار ہوکر سمندر کا سفر کرتے ہیں۔ ہمارے ساتھ پینے کا پانی بس تھوڑا سا ہوتا ہے اگر ہم اس کا استعمال وضو اور غسل میں کریں گے، تو وہ ختم ہو جائے گا اور پینے کا پانی نہیں بچے گا لہذا کیا ہمارے لیے سمندر کے پانی سے وضو کرنا جائز ہوگا؟ چنانچہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے سمندر کے پانی کے بارے میں فرمایا : اس کا پانی خود بھی پاک ہے اور اس کے اندر دوسرے کو پاک کرنے کی صلاحیت بھی موجود ہے اس سے وضو اور غسل جائز ہے اس سے نکلنے والی مچھلیوں وغیرہ کا کھانا بھی جائز ہے اگرچہ وہ مردہ حالت میں پانی کی سطح پر تیرتی ہوئی ہی کیوں نہ پائی جائیں اور کسی نے ان کا شکار نہ بھی کیا ہو

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/8355